جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

دارالعلوم کے سہ ماہی تقریب تقسیم امتحانات

۲۹ مئی ۲۰۰۳ء بمطابق ۲۶ ربیع الاول ۱۴۲۴ھ بروز جمعرات کو حسب سابق دارالعلوم کے ایوان شریعت ہال (دارالحدیث) میں سہ ماہی امتحانات کے مختلف درجات میں اول دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنیوالے طلباء میں تقسیم انعامات کی ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ درجہ تخصص سے لیکر متوسطہ' کمپیوٹر کلاسز اور انگلش لینگویج اور شعبہ حفظ کے تمام درجات میں نمایاں پوزیشنیں حاصل کرنے والوں میں حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ اور نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ اور دیگر اساتذہ اور شیوخ حضرات نے کتابوں اور امتیازی اسناد کی شکل میں انعامات تقسیم کئے۔ بعد میں حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے طلبہ سے تفصیلی خطاب بھی فرمایا جس میں علم کی اہمیت اور وقت کی قدر و قیمت اور دیگر زرین نصائح سے انہیں نوازا۔ تمام طلبہ کے نتائج اور ان کی تعلیمی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی رپورٹس ان کے گھروں کو روانہ کر دی گئی ہیں۔

جرمن اور برطانوی سفارت کاروں کی دارالعلوم آمد:

گزشتہ دنوں جرمن ایمبیسی کے فرسٹ کونسلر مسٹر الیگزینڈر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات کے لئے جامعہ حقانیہ تشریف لائے اور آپ سے ملکی و عالمی صورت حال پر گفتگو کی۔ بعد میں آپ نے دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ بھی کیا۔ اور آپ نے خصوصاً دارالعلوم کے کمپیوٹر کلاس کی کارکردگی کو کافی سراہا۔ اسی طرح برطانوی سفارت کار اور ہائی کمیشن کے سیکنڈ سیکرٹری پولیٹیکل مسٹر ٹم وائز نے بھی گزشتہ دنوں جامعہ حقانیہ کا تفصیلی دورہ کیا اور آپ نے مولانا حامد الحق حقانی MNA اور مدیر الحق مولانا راشد الحق سے تفصیلی بات چیت کی۔ اور خصوصاً سرحد میں شریعت بل کے پاس ہونے پر اور اس کے اصل خدوخال کے بارے میں مختلف استفسارات کئے۔

خوشخبری

تمام علماء وطلبا کرام وکارکنان جمعیت علماء اسلام کو یہ خوشخبری دی جاتی ہے کہ صدائے حق اسلامی کیسٹ مرکز دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک' میں شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کا ترجمہ قرآن کریم درس بخاری شریف کتاب المغازی شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ' شیخ الحدیث حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب شیخ الحدیث مولانا انوار الحق اور دیگر اساتذہ کرام کے تراجم اور چھوٹی بڑی کتابوں کے دروس اور تقاریر مکمل سیٹوں کی شکل میں دستیاب ہیں اسکے علاوہ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کی اردو پشتو کی تقاریر اسی طرح پشتو اردو کے شعراء کی کیسٹس علاوہ ازیں مختلف قراء حضرات کی تلاوتیں اور دیگر علماء وخطباء کی تقاریر کی کیسٹس ہمارے ہاں موجود ہیں۔ رابطہ کیلئے پتہ 0923-630829